ہو گئی یا ضعیفی میں یہہ بیماری ہوئی ہے تو اُسوقت زوردار
دوا قبض کرنے کی دینا - جیسا کہ

نسخہ اِنفیوزائی کیا ٹکیو کا میازتائی - سات ڈرام
ٹنکٹیورے اوپی آئی - سات قطرے
سِرَپ آئی پاپاوِرِس - ایک ڈرام
یہہ سب ملا کر پلانا - پہر پہر چھے چھے گھڑی کو اِسی وزن
سے دینا - یا یہہ دوا دینا - جیسا کہ

نسخہ پلُمبِرِس کائے نو کا میبازتائی - دس گرین
اکوِے سِنے موماہی - ایک آونس
سِرَپ آئی زِنجبیرِس - ایک ڈرام
یہہ سب ملا کر پلانا - پھر دِن میں تین بار اِسی وزن سے دینا

یا یہہ دوا دینا ۔ جیسا کہ

نسخہ ڈیکاک ٹاہی گرینے ٹاہی ۔ چھے ڈرام

لکوریس کیپال سینس ۔ چار ڈرام

ٹنکیٹورسے اوپی آئی ۔ چھے قطرے

ٹنکیٹورسے سنیے مو ماہی کامپاز ٹاہی ۔ ایک ڈرام

یہہ سب ملا کر دینا ۔ پھر اسی وزن سے دن مین تین بار دیئے

جانا ۔ یا یہہ دوا دینا ۔ جیسا کہ

نسخہ کوپرہی سلفیٹس ۔ پاؤ یا آدہا گرین

پلوریس اوپی آئی ۔ آدہا گرین یا ایک گرین

ان دونون کو ملا کر ہر تیسرے یا چوتھے گھنٹے کو اسی وزن سے

دیئے جانا یہہ دوا اور کے سب دوائیون سے اچھی زبردست ہی

دسنتری یعنے پیچش

یہہ بیماری پہلے ٹھنڈ اور لرزے سے شروع ہوتی ہے۔ اور
تپ بھی آتی ہے۔ لیکن کبھی آتی کبھی نہیں آتی پہلے پیٹ
قبض کرتا اور ہوا سے پیٹ پھول جاتا۔ مروڑ بہت
درد سے۔ اور دبانے سے درد زیادہ ہوتا۔ وہ بیمار کو
پائخانہ لحظہ بلحظہ ہوتا ہاتھ پاؤں کھینچے اشتہا بالکل نہیں
ہوتی جی متلاتا۔ اور قے ہوتے جیبھ کے اوپر میل رہتا۔ اور
آنتوں بازو لال ہوجاتی۔ اور نبض جلدی مارتی۔ اور پائخانے
میں آؤں گرتی۔ اور کبھی آؤں لہو ملی ہوئی گرتی۔ کبھی خالی
لہو اور پیپ ملا ہوا آتا۔ چھوٹی بڑی انتڑی میں ہونے کے سبب
پیپ اور لہو گرتا۔ اور وہ بیمار نہایت کمزور اور لاغر ہوجاتا

سبب - پیچس ...

سردی سے بند ہو جانے سے - یا محنت زیادہ کرنے سے - یا دھوپ

کھانے سے - یا شراب زیادہ پینے سے - یا غلیظ اسٹری ہوئی چیز

کھانے سے -

علاج - اگر پیٹ مین درد شدّت سے ہووے تو - اور نبض

زور سے مارتی ہی تو فصد لینا - بیمار کی قوت کے موافق - اور

پیٹ پر درد کی جاے بارہ یا سولہ جونک لگانا - بعدہ گرم پانی سے

سینکنا - اگر بدن مین تپ رہنے - اور پیٹ مین درد ہووے

اور آدن لہو پاخانے سے آتا ہووے تو ایک یا دو روز درمیان

مین جونک لگاتے جانا - اور بعد لگانے جونک کے دو

گھڑی کے بعد بیمار کو ہر روز گرم حمام مین بٹھانا - اور بعد فصد کے

ے ہوئے پر

نسخہ پلورس ایپکیا کیو آنے - پانچ گرین

پلورس اکمٹیئے - چھے گرین

ھیڈرارجرائی کم کریٹیا - دو گرین

یہہ سب ملا کر دن مین تین یا چار بار دینا - یا

نسخہ پلورس ایپکیا کیو آنے - چھے گرین

ایکسٹرا کٹا ہی جنشیانائی - چار گرین

پلیلی ھیڈرارجرائی - چھے گرین

افیون - ڈیڑھ گرین

یہہ سب ملا کر چھے گولیان بنا کر دن مین تین وقت دینا اور

ہیموفرنج

اُسی وقت ملایم حقنہ کرنے دینا۔ اور بیمار کو غذا نرم ہلکی
سے چھے یا آٹھ گھنٹے کے تفاوت سے دینا۔ اگر بیمار کو پیاس
لگے تو انفیوژن کیا ماسیل ٹھنڈا کر کر ایک وین گلاس بھر
ہر دوسرے یا تیسرے گھنٹے کو پلانا۔ اگر ان دواؤں سے بیمار کو
فایدہ ہوا تو پیٹ پر آبلہ بنانا۔ مگر اس وقت گھبلن کی نشانی ہووے
تو۔ اگر ہووے تو ہرگز آبلہ نہ بنانا۔ اور رات کو سوتے وقت
دس یا پندرہ گرین پلورس اپیکا کیوآنہ کامپاونڈی دینا۔
اگر مروڑ زیادہ شدت سے ہووے تو اُس وقت ایک
ڈرام لاڈنم۔ اور دو آونس ٹھنڈا پانی ملا کر حقنہ کرنا۔
پھر اگر فقط لہو گرتا ہی تو۔

نسخہ پلمبائی اسی ٹیٹس۔ چھے گرین

اوپی آئی — دو گرین

یہہ دونوں ملاکر تین گولیاں بنانا - ہر دو گھنٹے یا تین گھنٹے کو دینا
جب یہہ بیماری کی مدت کی شکل ہووے اور
پیٹ میں درد دبانے سے ہوتا ہے تو پیٹ پر چند جونک
لگانا - اور گرم پانی سے سینکنا - اور اگر پیٹ میں درد
دبانے سے ہو تو اوس وقت پیٹ پر آبلہ بنانا - اور یہہ دوا
دینا - جیساکہ .

نسخہ سلفر سبلیمٹم — ایک ڈرام
میوسیلیج اکیشیئے — آدہا اونس
اکوے سنے موما ئی — ایک اونس

یہہ سب ملاکر ہر صبح کو دینا - اور دو گولی دن میں تین بار

بار دینا۔ پھر اُسی وقت گولی کے ساتھ یہہ دوا ایک دین گلاس

کے موافق پلانا۔ جیسا کہ

نسخہ اِنفیوزائی اِپیکیا کیو آنے - ایک آونس

انفیوزائی جنشیانے کامپاز تائی - پانچ آونس

مِسٹیورے کیا مفورے - پانچ آونس

ٹنکیٹیورے کیارڈمومائی کامپازِٹائی - دو ڈرام

اگر اِس علاج سے بیماری کو فائدہ نہوا تو اُسوقت یہہ دوا

دینا۔ جیسا کہ

نسخہ اِکیو پرائی سلفیٹس - ڈیڑھ گرین

پلوِرِس اوپی آئی - ایک گرین

یہہ دونوں ملا کر دن میں دو یا تین وقت دینا۔

اگر یہہ بیماری جگر کی مدت کی بیماری سے علاقہ رکھے تو اُسوقت سیدھے پہلو میں جونک لگانا۔ اور آبلہ بنانا۔ اور جسطرح سے کہ مدت کی جگر کی جلن کا علاج کرتے ہین اُسی موافق کرنا۔ کسواسطے یہہ بیماری اُسی سے مشابہت رکھتی ہے اور مدت کی پیچش کا علاج بھی درمیان مین کرتے جانا۔ اور یہہ بات ضروری ہے کہ بیمار کو کچھہ ہرج ندینا۔ اور غذا نرم کھلانا۔ اور پوشش وغیرہ سے گرم رکھنا۔

کالیرا یعنے ہیضے کی بیماری

یہہ بیماری اکثر رات کو دو گھنٹے سے پانچ گھنٹے تک دفعتاً شروع ہوتی ہے۔ پہلے معدے قدرے دست ہوتے۔ اور جی بھی متلاتا

پیت قبض کرنے کی دوا جلدی دینا - جب یہہ بیماری کی ذات

کی علامت شروع ہوتی ہی تب شراب برانڈی کی لاڈنم کے

ساتھ یا دو گرین افیم - تی مست بند ہونے کو دینا - اگر بدن

بیمار کا ٹھنڈا پڑجاوے - اور نبض باریک معلوم ہووے

اور پیاس زیادہ لگے تو اوپر دیئے ہوئی دوا موقوف کرنا - کیونکہ

بیمار کو نشہ ہوکر بہت بیہوشی ہوگا - اور کچھہ فائدہ نہین کرتا - اور

اس حالتون مین ایک ڈرام لیکرامونیا یا دو ڈرام اسپرٹ امونیا

ارومائیکس - اڑہائی آونس پانی مین ہر ایک گھنٹے یا دوسرے

گھنٹے کو دینا - پھر اس درمیان مین لال مرچ کا خاندہ (اسکے

بنانے کی ترکیب لال مرچ دو ڈرام - جوش دیا ہوا پانی بارہ

آونس) ایک بڑا چمچا بھر ہر آدھے گھنٹے کو دینا -

اور بدن کو بہت گرم رکھنا - کسی پنبہ دار یا بالوں کے کپڑے سے

یا بدن کو سینکنا انیٹھ وغیرہ سے - اور بھی معدے اور پیٹھ

اور ران اور تلوے وغیرہ پر رائی کا ضماد کرنا - اور کھینچا

دب نے کے واسطے کیا مغریا ترپن تین لینی منت خوب ملنا -

جہاں کھجلاہٹ ہووے - اگر بیمار پانی پینے کے واسطے بہت

تڑپے تو کالی مرچ یا سونٹھ کا خساندہ - (اسکے بنانے کی ترکیب

یہہ ہی کہ ایک یا دو ڈرام کالی مرچ یا سونٹھ اور بارہ آونس

جوش دیا ہوا پانی ملاکر) ہر ہر آدھے گھنٹے کو ایک وین گلاس

گرم یا ٹھنڈا موافق خواہش بیمار کے دینا - اور اسکو بہت

پینے نہ دینا - کس واسطے کہ زیادہ دینا بیمار کو نقصان ہی

اگر بدن کے سطحہ پر پسینا بہت نکلے تو گرم کر بالون کے کپڑے سے

سو کھے تک پونچھنا - اور جب بارہ گھنٹے تک اس بیماری سے

گذر جاویں - اور کچھ صحت ہووے اُسوقت کوئی جلاب

نرم دینا - کہ دو چار دست ہوکر پیٹ کی غلاظت نکل جاوے جیسا کہ

نسخہ پلیلی ہیڈراجرائی - پانچ گرین

ایکسٹراکٹ ہی کالوسینتھس کا مبازنا ہی - چھے گرین

بعد دو نون ملا کر دو گولیان بنا کر دینا - پھر چھے یا آٹھ گھڑی

کے بعد آدھا آونس ارنڈی کا تیل پلانا - پھر اس بیماری کے

بعد کبھو ایسا ہوتا ہی کہ چھتیس یا اڑتالیس گھڑی کے بعد

تپ چڑھتی ہی اور اگر سر کی یا پھیپے کی - یا کلیجے کی

بیماری ہووے تو اُسوقت علاج برابر کرنا - جیسا کہ سر کا

یا پھیپے کا یا کلیجے کا اور تپ کا کرتے ہین وہ علاج کرنا -

کالی کا یعنے قولنج

اسکے تین قسم ہین - قسم اول بادگولہ - قسم دویم جو صفرے سے پیدا ہوتا ہے - قسم سیوم شیشے کی خاک کھانے یا لگانے سے

علامت - یہہ بیماری ایسی شروع ہوتی ہی کہ پیٹ مین درد شدت سے ہوتا - ناف اندر کھینچے جاتی پیٹ مین مروڑی معلوم ہوتی - پھر مروڑی باری باری سے آتی - اور دبانے سے درد ٹھہر جاتا - اور پیٹ مین قبضیت بہت سختی سے رہتی - بادی اور جی متلانا اور قی ہوتی اور نبض معمولی چلتی - اِس بیماری کی جلدی دوا نہین کیجیے تو یہہ علامتین شدت سے بڑھ جاتین - اور پیٹ مین درد ہمیشہ رہتا - اور دبانے سے زیادہ ہوتا - قبضیت پیٹ کی

بہت سختی سے ہوجاتی۔ اور قی بانندست کے آتی۔

سبب۔ اول بدن کو سردی لگنے سے۔ یا پیٹ مین ہوا بھرنے سے۔ یا صفرے کی شدّت تیز ہونے سے۔ یا بدہضمی کی چیز کھانے سے۔ یا شیشے کی خاک کھانے یا بدن پر لگانے سے

علاج۔ اس مین تین ۳ اشارے ہین۔ اشارۂ اول پیٹ کی قبضیت کو جلاب سے کھولنا۔ دوسرا کھینچاہٹ کو دور کرنا۔ تیسرا جلن کو دفع کرنا۔ جب باؤگولہ شروع ہوتا ہی۔ اور شدّت سے ہووے اُسوقت کھینچاہٹ دور ہونے کے واسطے برانڈی شراب گرم پانی مین ملا کر پلادینا۔ بعدہ ایک بڑا چمچا بھر کر ٹنکچر اوپیائی ایک گلاس پیپرمنٹ پانی مین ملا کر پلانا۔ اگر اس سے اچھا ہوا تو بہتر

دوا دینا - جیسا کہ

نسخہ پلوِرس ریائی - آدھا ڈرام

ٹنکٹیورے رسینی - تین ڈرام

اکوے مینتھی پپریٹے - ایک آونس

اسپرٹس اموئی آئی آرومائی ٹاسے - ایک ڈرام

یہ سب ملا کر پلا دینا - اور شدت کی حالتوں میں خوب
جلاب آور دوا دینا - جیسا کہ جالپ سنا کے جاندسے کے
ساتھ پلانا - اور سہ وقت سلفٹ آف سودہ یا سلفٹ
آف مگنیشا چانول کی پیچ کے ساتھ مستند کرنا پھر اسیوقت
گرم پانی کے ساتھ سینکھنا - اور فلالین یا کوئی اونی کپڑے سے
گرم کر کے سینکھنا یا تارپین تیل - اور لاڈنم ملا کر پیٹ پر ملنا -

اور اگر صفرے سے پیدا ہووے۔ تو شروع میں پندرہ یا بیس

گرین اپیکیا کیوآنہ سے قَے کروانا۔ پھر اگر علق کی نشانی

نہووے تو یہہ دوا دینا۔

نسخہ ھیڈرارجرائی کلورڈائی مِقدار تین گرین

اوپی آئی ۔ آدھا یا ایک گرین

یہہ دونون ملا کر ایک یا دو گھنٹے کو دینا۔ اسی طرح سے ایک

یا دو گھنٹے کو دیتے جانا اور یہہ دوا چار دفعہ دیئے بعد ایک اونس

ارنڈی کا تیل پلا دینا۔ اگر اس دوا سے جلاب نہوا تو اسوقت

مگنیشا سلفٹس۔ اور ارنڈی کا تیل۔ اور ایک ڈرام لاڈنم

چانول کی پیچ مین ملا کر حقنہ کرنا۔ اگر ان دوائیون سے جلاب

ہوا۔ اور پیٹ نہ کھلا۔ اور علق ہوئی تو پھر یہہ دوا ایلین اور بی کی

دیئے جانا۔ اور پیٹ کو گرم پانی سے اونی کپڑے سے سینکتے رہنا۔ اگر قی زیادہ ہووے تو اسوقت اِفرویسنگ پاوڈرز چند پونڈ لاڈنم کے ساتھ پلاتے جانا۔ پھر اگر جلن کی نشانی تھوڑی بہت معلوم ہووے تو اسوقت اِنٹریٹس یعنے رودے کی جلن کے موافق علاج کرنا۔

اگر یہہ بیماری شیشے کی خاک کھانے یا لگانے سے پیدا ہووے تو اسوقت فصد لینا۔ یا پیٹ پر جونک لگانا۔ موافق شدت بیماری کے۔ اور جسوقت کہ کوئی دوا جلاب کی دیوین تو اسمین افیون یا افیون کا عرق ملا کر دینا۔ اور باقی علاج جسطرح سے کہ صفرے کے درد کی بیماری مین کیئے ہین وہی علاج کرنا۔

بھی

ھیپی ٹی ٹس یعنے سوزش جگر

اس کے دو قسم ہین - ایک شدت دوسری مدت -

شدت کی علامت یہہ ہی کہ سیدھے پہلو مین نیچے درد ہوتا ہی - اور دبانے سے زیادہ ہوتا - اور یہہ درد اکثر چہاتی کے اوپر تک پہنچتا ہی - اور پھیپھسے کے پردے کی جلن کے موافق معلوم ہوتا - اور بیمار ڈاوین پہلو پر لیٹنے نہین سکتا - اور کھانسی خشک آتی - اور سانس لینا مشکل ہوتا پھر چھاتی مین تیز درد پھیپھسے کے پردے کی جلن کے موافق ہوتا - اور سیدھے مونڈھے تک تڑک مارتا - مثلاً اگر کلیجے کی جلن ڈاوین طرف ہوگی تو درد ڈاوین مونڈھے مین ہوگا - اور آنکھہ کا پردا پیلا ہو جاتا - اور بعضے وقت یرقان کی بیماری

ہوتی ہی - پیشاب رنگ دار آتا - اور پیٹ کبھی قبض کرتا

اور کبھی جاری ہوتا - اور بعضے بعضے کو اترٹیون مین بہت کم

ہوتے ہین - اسواسطے دست سفید رنگ کے آتے - اور جسقدر کہ

کہ بہت زیادہ ہودین تو اُس کو قی ہوتی - یا دست ہوتے ہین

جسوقت کلیجے کے اندر یعنے نیچے کے قطعہ پر جلن ہوگی تو درد نا معلوم سا

ہوگا - اور پیٹھ کے اوپر درد ہوگا - اور سانس لینے کی ایذا کم

پھر جو علامتین کہ اوپر گذری ہین وہی علامتین پیدا ہونگی -

اور جسوقت کلیجے کے ڈاوین بازو معدے کے قریب

جلن ہوتی ہی تو جی متلاتا - یا قی ہوتی - اور

جب کلیجے کے نیچے کے قطعے پر گردے کے قریب جلن ہووے

تو کم و بیش درد گردے مین پیدا ہوتا ہی - اور اگر کلیجے مین

پھوڑا ہوا تو وہ پھوٹ کر معدے کے اندر جاتا ہی - اور وہان

سے قی کی راہ سے نکلتا ہی - یا پھوڑا پھوٹ کر اُسکا پیپ

بڑی انتڑی مین گھسکر پائخانے کی راہ سے نکلتا ہی یا

پردے سے پار ہو کر چھاتی کے گڑھے مین جاتا ہی - یا پیپ

پھیپھڑے یا اُسکے نل مین جا کر مُنھہ سے نکلتا ہی یا سامنے کو

مین رواں ہو کر پھوٹتا ہی - اِس مرض کے شدت کی شکل

مدت کے شکل مین بارہا آجاتی - اور کلیجے کا مرض چار یا سات

یا گیارھوین دن مین دب جاتا - یا اُسی عرصے مین پھوڑا بنتا

مُدّت کی علامت - اکثر یہہ بیماری سُستی

سے آتی ہی - اور شروع مین اُس کی علامت ایسی نرم ہی

کہ بہت وقت تک معلوم نہین ہوتی سوائے اُسکے بدہضمی کی

علامت موجود رہتی ۔ جیسا کہ اشتہا نہیں ہوتی ۔ اور بادی

کرتا ۔ اور معدے میں بوجھ اور پھولا ہوا رہتا ۔ یہہ علامت

ہوتے ہوتے آخر کو مزاج بگڑ جاتی ۔ وزن اور درد کلیجے کے

اطراف یا پیٹھ میں معلوم ہوتا ہی ۔ چہرہ پھیکا پڑ جاتا ۔ اور بدن

سُس اور بے حرکت ہوتا ۔ اور بیمار اُداس رہتا ۔ اور معدے

کی راہ بگڑ جاتی ۔ اور پیٹ نہایت قبض کرتا ۔ دست سفید آتے

اور کلیجا سخت ہوتا ۔ پھر جلندر یا کنول کا مرض پیدا ہوتا ۔

سبب ۔ تمام وجہہ جلن پیدا ہونے سے پیٹ کی راہ میں کنکر

بن جانے سے ۔ یا ٹی کی شدّت زیادہ ہونے سے یا کلیجے کے

اوپر مار یا چوٹ لگنے سے ۔ یا نہایت گرمی سے یا شراب زیادہ

پینے سے یا پاؤں کے گھٹنے یا چوتڑ کے بل گرنے سے کلیجے کا

ٹنکٹورا زنجبیرسی	ٹنکٹیور آف جنجر
ہندی	سونٹھ کا عرق

تاثیر۔ مفرح۔ اور بادی دفع کرنے والا ہے۔

فایدہ۔ پیٹ کے مروڑے۔ اور درد بادی میں دوسرے

جلابوں کے ساتھ درد اور مروڑ دفع کرنے کے لئے دیتے ہیں

خوراک۔ ایک ڈرام سے تین ڈرام تک دینا۔

باب الجیم

لاطینی	انگریزی
جالپیئ ریڈکس	جالپ

تاثیر۔ جلاب آور۔ اور اسہال مائی آور ہے۔

فایدہ - قبضیت - اور جنون میں - اور گینڈ وے مارنے کے لیئے

اور استسقی - اور جلندھر میں دیتے ہیں - اور دوسرے مسہل

دواؤں میں ملا کر دینے سے بہت مفید ہی -

خوراک - دس گرین سے آدھے ڈرام تک دینا - اور اس

تک میں جالپ کے عوض نیل قلمی کے بیج جو عربی میں حب النیل

اور ہندی میں کالا دانہ کہتے ہیں تیس گرین سے چالیس گرین

تک اس کا سفوف دینے سے معتدل اور جلد جلاب ہوتا ہی -

انگریزی	لاٹن
جنشن رُوٹ	جنشئی آنی ریڈکس

تاثیر - مقوی - اور مقوی معدہ - اور دافع عفونت اور زیادہ

مقدار

مقدار میں معتدل مسہل ہے۔

فائدہ ۔ ابیرن ۔ اور آسیب ۔ اور یرقان ۔ اور نقرس میں خوشبودار دوا کے ساتھ ۔ اور عورت کے سوکھے میں سنگھاڑے کے پانی میں ۔ اور استسقی ۔ اور جلندھر میں کندب کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔

خوراک ۔ دس گرین سے دو اسکروپل تک دینا ۔ اور اس ملک میں جنبش کے بدلے چرائتہ اسی مقدار سے دیا جاتا ہے

باب ڈال

لاٹن	انگریزی
ڈِکاکٹم آلوئیز کامپازٹم	کمپونڈ ڈکاکشن آف آلوئیز

ہندی — مرکب ایلوسے کا جوشاندہ

(بنانے کی ترکیب ۔ ملیٹھی کا نسٹ سات ڈرام ۔ پوٹاسا

کاربونس ایک ڈرام ۔ ایلوا دیڑھ ڈرام ۔ ہیرابول دیڑھ

ڈرام ۔ زعفران یا ہلدی ڈیڑھ ڈرام ۔ پانی دیڑھ پونڈ

یہہ سب ملا کر ایک پونڈ پانی رہنے تک پکانا بعدہ چھان کر سات

آونس الایچی کا عرق ڈالکر ملا لینا ۔)

تاثیر ۔ گرم ۔ اور جلاب آور ۔ اور مدر حیض ہے ۔

فایدہ ۔ ہمیشہ پیٹ کی قبضیت ۔ اور یرقان ۔ اور اجیرن

اور عورت کے سوکے میں دیتے ہیں ۔

خوراک ۔ آدھے آونس سے ایک آونس تک صبح کے وقت دینا

بدلے تیلنی کھی - اور سون کھی استعمال میں لاتے - اور اسطرح سے اس کا عرق - اور مرہم بناتے ہیں -

لاٹن	ہندی	انگریزی
کیاپیسی کم	لال مرچ	چلے

تاثیر - مفرح - اور اوپر لگانے سے سرخ کرنے والی ہے -

فائدہ - نقرس - اور اجیرن کے ڈکار - اور سبات میں دیتے ہیں - اور خناق میں اس کے خیساندے سے غرغرہ کرنا فائدہ رکھتا ہے -

خوراک - تین گرین سے دس گرین تک دینا -

لاتن	ہندی	انگریزی
کاربونگنی	کوئلہ	ووڈ چارکول

تاثیر۔ دافع عفونت ہے۔

فائدہ۔ اجیرن میں جب سڑی بدبو ڈکار آوے تو دیتے ہیں۔

اور اس کی لگدی السی کی ٹکیہ میں ملاکر خراب بدبو سڑے پھوڑوں

پر باندھتے ہیں۔

خوراک ۔۔ دس گرین سے ایک ایک ڈرام تک ریوند چینی کے ساتھ

دینا۔

لاتن	ہندی	انگریزی
کارڈمے موم	الایچی	کارڈمم سیڈس
کیاریوفلی	لونگ	کلوو

تاثیر - ان دونوں کی بادی دور کرنے والی - اور مقوی معدہ ہے

فایدہ - ان دونوں کا بچوں کے بادگولے میں ریوند چینی - اور میاگنیشیا کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں - اور دوسری دواؤں میں گرمی پہنچنے کے لیئے ملاتے ہیں -

خوراک - پانچ گرین سے ایک ڈرام تک اس کا سفوف دینا

لاطینی	انگریزی
کیاپسی کا ریلاً	کیاپسی کا رلاً بارک

تاثیر - مقوی - اور مقوی معدہ ہے -

فایدہ - پرانے جریان شکم - اور پیچش - اور اجیرن - اور بادگولہ - اور تپ لرزہ میں سنکونہ کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں -

خوراک ۔ دس گرین سے ایک ڈرام تک اس کا سفوف دینا۔

لاتن	ہندی	انگریزی
کیاشیا	املتاس	کیاشیا

تاثیر ۔ مسہل ہے۔

فائدہ ۔ قبضیت میں جب چاہیں کہ جلاب دیویں تو کوئی خوشبودار دواؤں کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔

خوراک ۔ چار ڈرام سے ایک آونس تک دینا۔

لاتن	ہندی	انگریزی
کیاسٹوریے	جُند بیدستر	کیاسٹر

تاثیر - دافع تشنج - اور مدر حیض ہی -

فایدہ - تپ دق - اور آسیب - اور مرگی - اور بستگی -

حیض ہیں دیتے ہیں -

خوراک - دس گرین سے ایک اسکروپل تک - مشک کے ساتھ

دینا - اور حقنے کے لیئے ایک ڈرام یا زیادہ کا معتاد ہی -

لاتن	انگریزی
کیاٹاپلازمااَل بومِنِس	کیاٹاپلازم آف الم
ہندی	پھٹکری کی لگدی

(بنانے کی ترکیب - مرغی کے دو انڈوں کی سفیدی - اور

پھٹکری کا سفوف ایک ڈرام خوب ملانا جب تک کہ لگدی بنے)

فائدہ یہ ہے کہ آنکھ میں جب چوٹ لگنے سے لہو جم جاوے

تو اسپر باندھنے سے چنگی ہوتی ہے۔

لاتن	انگریزی
کیٹاپلازما کاربونس لگنی	کیٹاپلازم آف چارکول
ہندی	کوئیلے کی لگدی

(بنانے کی ترکیب - کوئیلے کا سفوف - السی یا آٹے میں

حسب موافق ملا کر لگدی بنانا -)

فائدہ - سڑے بدبو پھوڑوں پر باندھتے ہیں -

لاتن	انگریزی

کیٹا

کیلاٹ پلاز ماکونی آئی	ہملاک کیلاٹ پلازم

(بنانے کی ترکیب - ایکسٹراکٹم کونی آئی ایک آونس - بانی ایک پونڈ - اور ابسی کی بکنی موافق لگدی بنانے کے لینا)

فایدہ - سرطان کے پھوڑے - اور دوسرے دردناک پھوڑوں اور گلتھی کے ورم پر باندھتے ہیں -

---

لاتن	انگریزی
کیلاٹ پلازماڈاسیئے	کیارٹ کیلاٹ پلازم
ہندی	گاجر کی لگدی

(بنانے کی ترکیب - گاجر کو نرم پکاکر لگدی بنانا -)

فایدہ - سڑے خراب بدبو میلے پھوڑوں پر باندھتے ہیں -

لاٹن	انگریزی
کیاٹاپلازماٹائینے	کیاٹاپلازم آف لِن سِیڈ مِیل

(بنانے کی ترکیب - گرم پانی ایک پونڈ - السی کی پھکی اس میں ڈال کر ملاتے جانا - جب تک کہ لگدی ہو وے سو)

فایدہ - پھوڑوں - اور دُمل میں ریم بھرنے کے واسطے باندہتے ہیں

لاٹن	انگریزی
کیاٹاپلازما سِمپلکس	سِمپِل پُولٹِس
ہندی	آٹے کی لگدی

(بنانے کی ترکیب - گرم پانی - اور آٹا ملا کر لگدی بنانا - اور کپڑے پر چڑہا کر تیل اوپر سے لگانا -)

فایدہ - سوزش دار - اور درد ناک - اور خارشی پھوڑوں

پر باندھتے ہیں -

لاٹن	انگریزی
کیٹاپلازما سینے پیس	مسٹرڈ کیٹاپلازم
ہندی	رائی کی لگدی

(بنانے کی ترکیب - رائی کی بکنی آدھا پونڈ - السی کی بکنی آدھا

پونڈ - سرکہ موافق ضماد کے ملا کر لگدی بنانا)

تاثیر - سرخ کرنے والا - اور محرک ہے -

فایدہ - تپ کی حالت میں بڑبڑانے - اور سبات - اور تپ

دق کی ناتوانی وغیرہ میں ہوش آنے کے واسطے اس کو کپڑے پر

جڑ کا گردن - اور معدہ - اور پنڈلی - اور تلووں پر باندھتے

ہیں - اور بائی میں جس جاے کہ درد ہو وہاں بھی باندھا جاتا ہے

لاتین	ہندی	انگریزی
کیٹاٹیکیو	کتھ	کیاٹیکیو

تاثیر - قابض ہے -

فایدہ - ضعف رودے کی جریان شکم - اور پیٹ سے اخراج

خون - اور مدت کی بچش میں دیتے ہیں - اور اگر منہہ کے اندر

اور مسوڑوں پر ثبور پیدا ہوویں - اور بڑجیب گرنے سے

کھانسی یا حلق بیٹھ جاوے تو اس کا ٹکڑا منہہ میں رکھہ کر

گھلواتے ہیں -

خوراک - سفوف اس کا دس گرین سے دو اسکروپل تک دینا۔

لاتن	انگریزی
کولوسنتھیڈس	بٹر کیو کمبر
ہندی	اندراون کا پھل

تاثیر- اور فائدہ - اس کا ایکسٹرا کٹم کولوسنتھیڈس کا پیاٹم کے باب میں معلوم ہوویگا۔

خوراک - ایک گرین سے پانچ گرین تک اس کا مغز دینا۔ لیکن فقط یہی دینے سے اس کا عمل زیادہ ہوتا ہے۔

لاٹن	ہندی	انگریزی

آرڈ ماٹکس کاں فکشن　خوشبودار حلوا　کاں فکشیو آرومایٹی کا

بنانے کی ترکیب - دارچینی دو آونس - جائے پھل دو آونس -
لونگ ایک آونس - الایچی آدھی آونس - زعفران دو آونس -
ولایتی چونہ یعنے چاک سولا آونس - شکر سفید دو پونڈ ہر ایک کا
سفوف علحدہ علحدہ بنا کر پھر ایک جائے ملا کر ایک شیشے میں رکھنا
اور جب چاہیں کہ استعمال میں لاویں تب موافق مقدار کے پانی ملا لینا

تاثیر - مفرح - اور مقوی معدہ ہے -

فایدہ - تپ دق کے آخری درجے پر - اور نقرس - اور
آسیب - اور عضول کی ناتوانی کے لیئے دیتے ہیں -

خوراک - دس گرین سے ایک ڈرام تک دینا -

لاتن	انگریزی
کان فکشیو اوپی آئی	کان فکشن آف اوپیم
ہندی	افیم کا حلوا

(بنانے کی ترکیب - سخت افیم چھے ڈرام - سیاہ مرچ ایک آونس سونٹھ دو آونس - اور سونف تین آونس - کتیرا گوند دو آونس - شکر کا شیرہ سولا آونس - اول افیم کو شکر کے گرم شیرے میں ملا لینا - بعد یہہ سب چیزوں کو سفوف کرکے اس میں ڈالنا - اس دوا کے چھتیس گرین مقدار میں ایک گرین افیم رہتی ہی)

تاثیر - سُسند کرنے والا - اور مفرح ہی -

فایدہ - نقرس - اور باد گولہ - اور شدت کی جریان شکم میں چاک مٹی کے ساتھ

مقدار خوراک —

دس گرین سے آدھ ڈرام تک دینا۔

لاطینی	انگریزی
روزی گلیٹنی	کان فکشن آف روزیس
ہندی	گلقند

بنانے کی ترکیب — گلاب کے پھول ایک پونڈ — اور مصری تین پونڈ

پہلے گلاب کے پھول موافق نشتر میں مل لینا — بعدہ مصری ڈال کر

دھوپ میں تھوڑی دیر رکھنا —

تاثیر — مقوی معدہ ہے —

فائدہ — جریان شکم میں — اور بیمار کی صحت ہونے کے بعد تازے

دودھ کے ساتھ سنبھال کے لیئے دیتے ہیں — اور کسی

تیز دوا کے ساتھ بصورت گولی یا معجون کے ملا کر دیتے وقت

دیا جاتا ہی۔

خوراک ۔ ایک ڈرام سے ایک آونس تک دینا۔

لاٹن	ہندی	انگریزی
کان فکشیو سنئے	سنا کا حلوا	کان فکشن آف سنا

(بنانے کی ترکیب ۔ سنا کی آٹھ آونس ۔ انجیر ایک پونڈ ۔

املی آدھا پونڈ ۔ املتاس آدھا پونڈ ۔ آلو بخارا آدھا پونڈ ۔

دھنیا چار آونس ۔ ملٹھی تین آونس ۔ سفید شکر ڈھائی پونڈ

پانی تین پونڈ ۔ پہلے سنا ۔ اور دھنیے کا سفوف بنا کر چھان لینا

پھر باقی رہے ہوئے سب چیزوں کو ڈیڑھ پونڈ پانی میں پکانا

بعد کپڑے سے میں خوب دبا کر چھان کر چوبیس آونس رہے تک سایہ

میں سوکھانا۔ پھر چھانے ہوئے سفوف کو ملا دینا۔)

تاثیر۔ مسہل ہی۔

فائدہ۔ پیٹ کی دوامی قبضیت۔ اور حاملہ عورت کی قبضیت

میں دیتے ہیں۔

خوراک۔ ایک ڈرام سے چار ڈرام تک دینا۔

انگریزی	لاتین
کوپی با	کوپَی بَا

تاثیر۔ مفرح۔ اور مدر ہی۔ اور زیادہ مقدار میں جلاب

آور۔ اور نیز رے کی راہ میں عمل کرتا ہی۔

سُہاگے۔ اور شہد کے ساتھ کُلّی کرنے کے لیئے دیتے ہیں۔

اور دفع گرمی کے واسطے بھی پلاتے ہیں۔

لاطن	انگریزی
ڈِکاکٹم ڈلکامارِی	ڈِکاکشن آف اودڈی نٹ شیڈ (ووڈ)

تاثیر۔ مدربول۔ اور عرق آور ہے۔

فائدہ۔ اِستسقی۔ اور جلندھر۔ اور ضیق النفس یعنی۔

اور برص۔ اور جذام۔ اور جلد کے اوپر کے مرضوں میں دیتے

ہیں۔

خوراک۔ چار ڈرام سے ایک آونس تک کوئی خوشبودار عرق کے

ساتھ دن میں دو یا تین بار دینا۔

لاٹن	انگریزی
ڈِکاکٹم گلیسرائی زئی	ڈکاکشن آف لکوریس

ہندی . ملٹھی کا جوشانده

(بنانے کی ترکیب - ملٹھی کچلی ہوئی دیڑھ آونس پانی ایک پونڈ دس منٹ پکا کر چھان لینا -)

تاثیر - تر کرنے والا ہی -

فایده - بدرقہ دوسری دواؤں کا ہی -

خوراک - دو آونس سے تین آونس تک دینا -

لاٹن	انگریزی
ڈِکاکٹم گرینے ٹاٹی	ڈکاکشن آف پوم گرانیٹ

تاثیر - پیشاب آور - اور

جلاب لاتا ہی - اوپر لگا

والا ہی -

فائدہ - تپ منی - اور استسقی - اور جلندہر - اور

کیلی کھجلی میں - اور اخراج خون میں اوپر لگاکے جاتا ہی

سوجن - اور جوش دماغ میں پانی میں گھولکر سر پر لگاتے ہیں

اور حلق کے جلن میں غرغرے کے لیئے دیتے ہیں -

خوراک - دس گرین سے آدھے ڈرام تک دنمیں تین یا چار بار

دینا - اور اگر ایک آونس کے مقدار ہو تو پیچش ہو کر مرنے کی

نوبت ہوتی ہی -

لاتن	انگریزی

سلفٹ آف پوٹاس

...ڈے کو کھولنے والا ہی۔

...۔ اور دوسرے جلابوں کے

خوراک۔ دس گرین سے ایک ڈرام تک امعا کے سدّے کھولنے کے لیئے۔ اور آدھے ڈرام سے چھ ڈرام تک جلاب کے واسطے دینا۔

لاتن	انگریزی
پوٹاسی آئی سلفیوریٹم	سلفیوریٹ آف پوٹاسی ام

تاثیر۔ کف نکالنے والا۔ اور پسینا لانے والا ہی۔ اور لگانے سے گھاؤ صاف کرتا ہی۔

تو کہوں اپنے دلکو ڈھارس دیتا ہی میں تجھے کب چھوڑتا ہوں اپنی پیٹ پر
اُٹھا کر لیجاؤنگا بچھو تو یہہ سنکر خوش ہوا اور کچھوے نے بموجب اقرار کے
اُسکو پیٹ پر لیکر پانی میں تیرتا ہوا چلا بیچ ندی کے کچھوے کو کچھہ آواز
آنے لگی اور پیٹ پر کوئی کھودتا ہی ویسا معلوم ہوا کچھوے نے
پوچھا کہ یہہ کیا ہی اُسنے جواب دیا میں اپنی ڈنک تیری پیٹ پر
تیز کرتا ہوں کچھوے نے کہا میں تو اس دریائے غدار میں اپنی پیٹ کو
کشتی بنا کر اُسپر تجھے بٹھلاتا ہوں اور تو میری کشتی سے چاہتا ہی
کہ سلامت پار اُترے یہہ محل تو شکر کا تھا اور جو یہہ نہو تو کاوش
جسکا بیچار رہا ہو تا برخلاف اِسکے ڈنک مار رہا ہی اگرچہ اِس سے میرا
کچھہ نقصان نہیں ہوتا بھلا تو بھی یہہ کیا بدذاتی ہی بچھوے نے سنکر
کہا بھائی کچھوے تو ہرگز ہرگز خیال بدیکا نکر حاشا میں نے جو یہہ کام کیا ہی

کچھ بدی سے نہیں گیا میری عادت ہی ایسی ہی جب عبرت سعدی بر ویسنہ

دشمن کا اور بیت دوست کی دونوں برابر ہیں کیا تونے سنا نہیں

بیت نیش عقرب نہ در پی کین است مقتضائی طبیعتش این است

خلاصہ یہہ ہی کہ بد آدمی سے کوئی زنہار آشنائی دوستی سلوک

مدارا نکرے وہ سوائے دغا کے کبھو وفا نکریگا سچ ہی جسکی کہ خمیر میں

بدی ہو نگی اُس سے کیونکر نیکی ہو سکے گی اور وہ کسطرح دوست

اور دشمن میں فرق کریگا۔

بہتّرویں نقل

ایک میر شکاری تھا کہ وہ ہمیشہ شکار کو جاتا اور جسقدر کہ جانور

گرفتار ہوتے اُنپر اپنی گذر اوقات کرتا ایکروز کا ذکر ہی کہ وہ

اپنی عادت موافق جنگل کو گیا اور دام لگاکر ایک جھاڑ کے آسرے میں

چھپا بیٹھا تھا کہ اتنے میں تین جانور آ اترے اور قریب تھا کہ وہ
جال میں آویں کہ دفعتاً ایک طرف سے آواز شور و غل کی آئی میں شکاری
یہہ جانکر کہ کہیں جانور اس ہانک پکار سے اُڑ جاویں اور میری ساری
محنت برباد ہووے واسطے دریافت کے نکلا تو دیکھا کیا ہی کہ
دو شخص کھڑے ہوئے آپسمیں حجت کر رہے ہیں نزدیک ہو کر
ایک کہا کہ صاحبو میں صیاد ہوں اور یہاں جال لگایا ہوں
تین جانور اترے ہیں قریب ہی کہ شکار ہوں اگر تم غل کرو گے تو البتہ
یہہ اُڑ جاوینگے اور میں آپکے شکار سے بے نصیب رہونگا وے سنکر
ایک بولے کہ اچھا ہم خاموش ہو جاتے ہیں بشرطیکہ انمیں سے تو
دو جانور ہمکو دینا اور ایک آپ لینا میں شکاری بولا میری گذران
فقط انھیں پر ہی اگر انمیں سے دو تمکو دیئے اور ایک میں لیا تو

میرے اہل و عیال کو کفاف مکریگا وے کہے کہ تو ہر روز شکار کیا کرتا
ہی مجکو تو آج ہی ایکدن شکار ملا ہی ہم طالب علم ہیں اپنے مدرسہ
پاس لیجاوینگے اور ہمدرسونکی مہمانی کرینگے میر شکاری بولا کہ تمہارے
مدرسہ کا مجھہ پر کچھہ احسان نہیں تمہارے ہمدرسوں نے کبھو اس فن میں
میری کمک نہیں کی ہی مجھے اُنسے کیا مطلب ہی طالب علم بولے خیر کیا
مضایقہ ہی تجھے اختیار ہی نہ دے ہمیں اس سے کچھہ کام نہیں وے
گرفتار ہوں کہ نہوں جنگل خدا کا ہی ہم جہاں کھڑے ہیں کھڑے
ہیں ہم جو تکرار کرتے ہیں کرینگے تیرا کچھہ اجارہ نہیں تب تو میر شکاری
لاچار ہوا اور ایک کہا کہ اچھا میں دو جانور تمہاری نذر کرونگا
پس وے دونوں وہاں سے ہٹ گئے اور چپکے ہو رہے اور میر شکاری
بھی اکثر پھر اپنی قابو کی جا پر بیٹھا تھوڑے عرصے میں دے جانور

دام میں آئے اور پھنس گئے طالب علم بھی واسطے تماشا دیکھنے اور
فتوح حاصل کرنے کے آ کھڑے ہوئے تب میر شکاری نے پھر نکالی لجاجت
اور عاجزی سے عذر کیا اور کہا کہ مجھے بخشو اور مہربانی رکھو طالب علم
نمانے آخر میر شکاری نے لاعلاج دو جانور دام سے نکال کر حوالے کئے
اور جب چلنے لگا تو ایسا کہا کہ بھلا صاحبو تم کس بات پر تکرار کر رہے
تھے سو وہ تو مجھ سے کہو طالب علم بولے کہ ہم خنثی کی میراث پر بحث
کر رہے تھے میر شکاری نے پوچھا کہ خنثی کسے کہتے ہیں وے بولے
کہ خنثی اسے کہتے ہیں کہ وہ نہ مرد ہو نہ عورت پس میر شکاری
گھر کو اپنے آیا اور ایسی ایک طایر پر قناعت کی دوسرے دن اسکے دریا
پر گیا اور جال پھینکا نصیبہ رجوع تھا جھٹ ایک ہی مچھلی
نہایت حسین اور صاحب جمال گرفتار ہوئی میر شکاری بہت

خوش ہوا اور کہا کہ اللہ تعالی نے کل کا بدلہ کیا اِسے بادشاہ کے پاس لیجانا
البتہ بہت انعام ملیگا پس بادشاہ کی دیوڑہی پر آیا اتفاقاً بادشاہ
اُسوقت باغ میں برآمد تھے اور لب حوض بیٹھے ہوئے مچھلیوں کا
تماشا دیکھ رہے تھے عرض ہوئی بادشاہ نے روبرو بلوایا اور مچھلی کو
دیکھکر پسند کیا اور فرمایا کہ اسکو ہزار دینار زر سرخ کے دلوادو
وزیر نے جھک کر عرض کیا کہ اِس ملک کے اطراف میں پانی بہت
اور مچھلیاں انبوہ اور میر شکاری کثرت سے ہیں اگر اسقدر انعام
ملیگا تو خزانہ خالی ہو جاویگا بلکہ محصول ممالک محروسہ کا بھی کفاف
نکریگا بادشاہ نے کہا ابتو میں کہہ چکا وزیر نے گزارش کی آپ
اُس سے پوچھیئے کہ یہہ مچھلی نر ہے یا مادہ اگر وہ کہے نر ہے تو
فرمایئے کہ مادہ لے آ اور اگر وہ کہے کہ مادہ تو ارشاد کیجیئے کہ نر لے آ

اور انعام اپنا لیجا یہہ بات اُس سے ہرگز نہوگی تو تا اسکا کبھی
نملیگا اس حیلے سے کچھ تھوڑے روپے دلوا دیجئے بادشاہ نے مانا اور
میر شکاری سے ایسا ہی پوچھا میر شکاری نے جانا کہ وزیر نے کچھ
سرگوشی میں کہا ہی اور کل کی بات یاد کرکے ایسا کہا کہ خداوند یہہ
خشنی ہی بادشاہ ہنسا اور دو ہزار دینار دلوا دیئے ۔

خلاصہ یہہ ہی کہ علم کا پڑھنا اور استادونکی خدمت کرنی خالی
فایدے سے نہیں میر شکاری نے دو جانور دیکر ایک لفظ کے سیکھنے
میں دو ہزار دینار زر سرخ کے پائے اسیواسطے بزرگوں نے کہا ہی
علم شئ بہتر ہی جہل شئ سے آدمی اوقات کو ضایع نکرے جسقدر
ہو سکے طرف علم کے متوجہ رہے کہ یہہ نعمت دو جہاں کی
ہی شرف انسان کا کمال سے ہی نہ مال و منال سے

ستہترویں نقل

ایک باہمن تھا کہ وہ اپنے ملک سے دوسرے ملک کو واسطے پیدا کرنے
روزگار کے چلا اثناء راہ میں کیا دیکھتا ہے کہ ایک شیر اپنی گوی میں
بیٹھا ہے دیکھتے ہی اُسکے ہوش اُڑگئے اُسیوقت کچھہ اور نہ ہو سکا
مگر اپنی پوتھی اُس حالت بیہوشی میں پکار کر پڑہنے لگا تب شیر
اپنے دیوان سے جو اُن دنوں ہنس تھا پوچھا کہ یہہ کون ہے وہ
عرض کیا تقصیر یہہ آپکے بزرگونکے وقت کا پروہت ہے آپکی
اور آپکے بزرگونکی ثنا اور صفت کر رہا ہے اُسے کچھہ سرکار سے عنایت
ہو تا حضرت کے حق میں دعا کرے شیر نے یہہ سنکر اپنی گوی میں سے
دو بدرے ہزار ہزار روپے کے اُس باہمن کو عنایت کیا باہمن خوش
ہو کر اپنے مکان کو واپس چلا گیا اور مکان کو آنکر اُن روپیونکو جو

نے دفت ما تھہ جو ہے تجھے جلد صرف کر ڈالا اِس امید پر کہ جب جاؤنگا
دو بندرے لے آؤنگا جبکہ وہ روپی صرف ہوگئی بامن اپنے مکان سے
نکلا اور جہاں کہ شیر رہتا تھا اُسطرف کو چلا اثناء راہ میں وہ
ہنس جسنے دو بندرے شیر سے دلوائے تھے ملا اور پوچھا ای بامن تم کہاں
جاتے ہو اُسنے کہا کہ ہمارے جمجان یہاں رہتے ہیں اُنکے پاس جاتا
ہوں ہنس نے پوچھا کہ کون جمجان ہیں کہا راجہ سنگھہ تب ہنس نے
یہہ دوہرا پڑھا

ہے ہنسا اپنے گھر	ہے کاگا بھئے دیوان	

جاؤ بپر گھر آپنے کہہ کے سنگھہ جمجان ہا بامن ہنس کا کہنا سُنا
مارے لالچ کے روبرو شیر کے گیا اور اپنی پوتھی پڑھنا شروع کیا
اُن دنوں کوا دیوان تھا شیر نے پوچھا کوے سے کہ یہہ کون ہی
اور کیا کہتا ہی اُسنے عرض کیا حضرت کا ناشتا ہی اسکے

نیں تناول فرمایا یہہ کہتے ہی شیر اُس بامن کو مار کر کھا گیا۔

خلاصہ یہہ ہی جس ملک کے بادشاہ کے دیوان اشراف نجیب خاندانی نیک نیت راستگو ہوتے ہیں تو وہانکی خلقت بہت آسودہ رہتی ہی اور جس ملک کے بادشاہ کے دیوان کمینے کم ظرف بدنیت دروغگو نشہ باز نمکحرام ہوتے ہیں تو وہانکی خلقت نہایت پریشان محتاج رہتی ہی۔

چہہترویں نقل

ایک چوپان تھا وہ بہت محنت اور مشقت کر کے اپنی بکریوں کے جھنڈے کو چرایا اور تمام شب حفاظت اُس جھنڈکی کیا کرتا کہ بھیڑیا یا کوئی درندہ نہ گھس پڑے اور اپنے جھنڈ سے ایک دو بکرے نقمہ اُسکا نہو اور اپنے ساتھہ ایک کُتّا بھی رکھتا تھا جب وہ

آپ کبھو سوتا تو اُس کُتّے کو حفاظت کے لیئے اُس مندے کے
چھوڑ دیتا وہ کتا بھی جو اپنا حق اطاعت گذاریگا ہی باقی نہیں
چھوڑتا اور بکمال احتیاط اُس مندیکی کرتا ایک گرگ گرسنہ دور ہی
سے اُس مندیکو دیکھتا اُس کتّے کے ڈر سے اُسکو داؤ نہیں لگتا تھا
ایکروز یہہ مصلحت ٹھانی کہ کسی طور سے اُس کُتّے کی طرف اُسکی چوپان
کے دلمیں بدی ڈال اور اپنی جاے گو فراغت سے کھاجاے ایکروز دوسرے
جنگل سے ایک گوسفند شکار کرکے آپ بھی کچھ کھایا اور باقی اُس مندے
میں پھینک دی چوپان کے پاس چلا گیا اور کہا ای مہربان مجھے بہت
محبت ہی اِس لیئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اور اپنی
خیر خواہی جتاتا ہوں آپ جاؤ اور اپنے مندے کی خبر لیو
ایکا کتا دوسرے تیسرے ایک بکری کھاجایا کرتا ہی وہ سادہ لوح

بے سوچ اُس مندر کی طرف اُس گرگ کو ساتھ لیکر گیا دیکھا کیا ہی ایک
پس خون ہے گوسپند پر آ ہوا ہی تب تو یقین سمجھا کہ یہہ کام کتے کا ہی
اور جھٹ غصّے سے ایک سونٹا ہاتھ میں لے اُس کتے کا کام تمام کیا
اور مندر اُس گرگ دیانت دار کے حوالے کیا چند روز میں بکری رہی
نہ بکرا وہ سب کھا پیکر صاف جنگل کا رستہ پکڑا۔

خلاصہ یہہ ہی بعضے اشخاص متموّل ایسے ہیں کہ اپنے نمک حلال
اور جان نثار کے تئیں بے قصور غمّاز خود غرضی کی بات سنکر یا فتنہ
اُس غریب کفایت شعار کے خواہان عزت ہو استیصال کرتے ہیں اور
اُسکے کام پر اُس غرضی کو مامور فرماتے ہیں چند روز میں وہ غرضی
اپنا کام کرکے صاحب کو گھر بٹھاتا ہی اسواسطے لازم ہی کہ اُن
لوگونکو جو کام کریں بے دریافت نکریں اور انصاف ضروری نہیں تو

تو وہی خراب اور خستہ بنے رہینگے۔

پچہترویں نقل

ایک خارپشت اور ایک سانپ کے نہایت دوستی تھی ایک روز
حسب اتفاق خارپشت رندوں اور لچوں کی محفل میں جا نکلا وہاں
دیکھتا کیا ہی کہ وہ آپسمیں ٹھٹا مزاخ کر رہے ہیں یہہ دیکھکر خارپشت
اپنے مکان کو چلا آیا جبکہ سانپ کے اور خارپشت کے ملاقات ہوئی
خارپشت نے اپنا خار سانپ کے جسم میں بطریق تمسخر چبھو دیا
اُسوقت سانپ نے کہا کہ بھائی آج آپنے جو یہہ حرکت خلاف
عادت کیا اسکا کیا موجب ہی اُسنے جواب دیا کہ تمھارے ہمارے دوستی
ہی اگر کبھی بطور تمسخر کچھ خلاف واقع ہوا تو اسمیں کیا قباحت ہی
سانپ نے کہا اگر آپکی ایسی مرضی ہی تو خیر پھر تو ہر روز

سانپ کے اور خارپشت کے ٹھٹا مزاخ ہونا شروع ہوا ایکروز
سانپ کہیں جارہا تھا پیچھے سے خارپشت آکر سانپ کی دم کو منھ
سے پکڑ لیا اور اپنے خار کھڑے کرکے گولا ہوگیا سانپ نے بھی پلٹ کر
اپنے پھن سے مارنا اور کاٹنا شروع کیا آخر یہہ ہوا کہ سانپ کا
پھن خاروں سے خارپشت کے چھلنی ہوگیا اور خارپشت
بھی زہر سے سانپ کے تمام ہوگیا

خلاصہ یہہ ہی کہ عقلمند اور شریف اور بھلے آدمیونکو لازم ہی کہ
ٹھٹا مزاخ کسی سے نکیا کریں کسواسطے کہ یہہ عادت لچوں اور
رندونکی ہی مثل مشہور ہی کہ روگ کا گھر کھانسی اور
لڑائی کا گھر ہانسی اور اسکا انجام بخیر ہوتے کبھی سننے میں
نہیں آیا کسواسطے کہ آدمی کا مزاج ہمیشہ ایک طور پر نہیں رہتا

چھہتّرویں نقل

ایک نادان مفلس نے کسو سے سُنا تھا کہ دنیا میں زر زر کو کھینچتا ہی
اسبات کو ذہن میں رکھکر ایک دفعہ جو ایک روپیہ بدقت کہیں سے
پایا بازار میں کسی صراف کی دوکان پر جا کھڑا ہوا اور اُسکی آنکھ بچا کر
اپنا ایک روپیہ بہت سے روپیوں میں اُسکے جو سامنے پڑے ہوئے
تھے پھینک دیا پس جب شام ہوئی اور صراف نے دوکان اُٹھایا
اُسکا بھی روپیہ اپنے روپیوں کے ساتھ تھیلی میں ڈالکر منھہ باندھ
دیا تب تو یہہ غریب مفلس گھبرایا اور رو رو صرّاف کے آگے عاجزی
سے کہنے لگا کہ آپکے روپیوں میں میرا بھی ایک روپیہ ہی اُسے مجھکو
دلوا دیجئے صراف نے کہا بھائی وہ کیسا غریب بولا میں نے
کسو سے سُنا تھا کہ دنیا میں زر زر کو کھینچتا ہی اُسکی طمع سے

ایک روپیہ بڑی محنت سے پیدا کر کے تمھاری دوکان پر آیا اور روپیوں کی ڈھیری جو پڑی ہوئی تھی اُسمیں ملا دیا تا وہ سب روپیونکو کھینچ کر لے آوے تب تو صراف ہنسا اور بولا کہ ای آزاد مرد بہت تھوڑے سے حاصل نہیں ہوتا ایک ہزار پر غالب آویگا ہزار ایک کو کھینچ لیگا کہنا اُسکا سچ ہوا میرا زر زیادہ تھا اور تیرا زر کم تھا اُسکو کھینچ لیگیا خلاصہ یہہ ہی کہ آدمی امر محال کا ارادہ نکرے جو بات کہ ممکن ہو اُسکو چاہیئے تو البتہ خدا کریم ہی محنت رایگاں نجائیگی وگرنہ باد بدست پیمودن ہی اور تضیع اوقات ۔

ستھترویں نقل

کسی ملک کا شہزادہ واسطے شکار کے نکلا اثناء راہ جنگل میں اُسکو تشنگی ہوئی آبدار حاضر تھا حکم کیا کہ کہیں سے بھی پانی لے آؤ